لباس زیب تن کر چکا تو ناشتہ تیار تھا۔ آج میری بیوی گھر کے سارے کام خود ہی کر رہی تھی۔ کہتے ہیں جو لوگ کام نہیں کرتے وہ کھانا خوب کھاتے ہیں۔ حالاں کہ میں نے اس صبح گھر کا کوئی کام نہیں کیا تھا لیکن ناشتہ بہت کم کھایا۔ البتہ چائے بڑی مقدار میں پی۔

چائے زیادہ پی لی تو پیشاب خانے کا خیال آیا۔ سوچا ڈائرکٹر صاحب کے سامنے ہلکے پھلکے کھڑے ہونا چاہیے۔ ان امور سے فارغ ہو کر پھر ایک بار میں آئینے کے سامنے تھا۔ کئی کئی بار ان الفاظ کو دہرا رہا تھا جنھیں مجھے ڈائرکٹر صاحب سے کہنے تھے۔ چہرے کے آثار دیکھنا اور سوالی نظر رکھنا بھی ضروری تھا۔ کہیں کوئی ایکسپریشن ڈائرکٹر صاحب کو ناگوار نہ گزرے اور میری ساری کوششوں پر پانی نہ پھر جائے۔

میں دفتر میں جانے لگا تو بیوی نے ہاتھ پکڑ کر روک لیا۔

"ڈائرکٹر صاحب سے آپ کیا کہنے والے ہیں۔ کہیں کوئی بات ایسی ویسی نہ نکل جائے۔"

"نہیں بی بی۔ میں کوئی بات کم یا زیادہ نہیں کروں گا۔"

میں نے اس کے کاندھوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

وہ پھر بھی مصر تھی کہ میں ایک بار اس کے سامنے وہ باتیں دہراؤں جو میں ڈائرکٹر صاحب سے کہنے والا تھا۔

میں نے اپنا گلا صاف کیا اور کھنکار کر قد آدم کھڑا ہو گیا۔ پیٹھ کو کمر سے قدرے جھکا کر سر کو خم کیا نظریں فرش پر گاڑے میں نے کہنا شروع کیا۔

". . . . ."

"بس بس اسی اسٹائل پر ڈائرکٹر صاحب آپ سے اتنے خوش ہو جائیں گے کہ آپ کو مزید کہنے کی ضرورت ہی نہ پیش آئے گی اور آپ کی استدعا منظور کر لی جائے گی۔ واپس ہوتے ہوئے مٹھائی لیتے آنا۔"

بیوی نے کہا تو میں نے اس کے پہلو میں ہلکی سی چٹکی لی اور ہم دونوں ایک ساتھ ہنس پڑے۔

دوسرے لمحے میں پھر اسی اسٹائل میں کھڑا تھا میں نے کہنا شروع کیا۔

"مجھے ڈائرکٹر صاحب کے ان نیم سرکاری مراسلوں کو پڑھنے کا شرف حاصل ہوا . . . . ان مراسلوں نے میری ہمت بندھائی . . . . . میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں . . . . ڈائرکٹر صاحب کی ذات سے مجھے امید ہے کہ میرے ان حالات پر غور فرما کر میرا تبادلہ منسوخ فرمائیں گے۔ ڈائرکٹر صاحب کی عنایت ہوگی میں تہہ دل سے مشکور ہوں گا۔"

میں نے شروع سے آخر تک سارا بیان دہرایا۔ میری بیوی پھر ایک بار خوش ہوئی۔ پیٹھ تھپک کر اس نے خوب شاباشی دی۔

"جائیے اب آپ اپنے ڈائرکٹر صاحب کے پاس ہو آئیے۔ آج میں نے اسکول سے چھٹی لے لی ہے۔ کامیابی کا مژدہ سننے کے لیے میں گھر پر بیٹھی انتظار کرتی رہوں گی۔"

بیوی کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے دالان سے گزر کر دروازے کے پاس آیا ہی تھا کہ مجھے احساس ہوا کہ میں اپنے پیروں میں چپل پہنے ہوئے ہوں مجھے خیال آیا آدمی چپل پہن کر گھٹیا سا لگتا ہے۔ جانے یہ بات کہاں تک درست ہے تاہم میں فوراً ہی اپنے کمرے کی طرف لوٹا۔ جوتا پہن کر میرا اعتماد کچھ اور بھی بحال ہو گیا تھا۔ اب میں نے اپنے چہرے پر خود اعتمادی کی جھلک پائی اور دیر ہو جانے کے خوف سے جلدی جلدی آفس کی طرف چل پڑا۔ راستے میں اسٹیشنری کی دکان سے میں نے ایک بڑھیا کاغذ خریدا۔ بُرے سائز کے کوئی چھ وزیٹنگ کارڈ بنائے ان سب پر اپنا نام اور عہدہ لکھا۔

تحریر خوبصورت ہونی چاہیے ورنہ ڈائرکٹر صاحب کا پہلا تاثر تو اسی تحریر کو دیکھ کر قائم ہوگا۔ ایک ایک کارڈ کو بار بار الٹ پلٹ کر دیکھتا رہا۔ بڑی مشکل سے ایک کا انتخاب کیا حالاں کہ ساری تحریریں میری اپنی تھیں اور ایک دوسرے میں بہت کم فرق تھا۔

آفس میں ڈائرکٹر صاحب پہلے ہی سے موجود تھے چپراسی سر پر عمامہ باندھے، سفید شیروانی، کمر میں پٹکا باندھے ڈائرکٹر صاحب کے اجلاس کے داخلے پر کھڑا تھا۔ میں نے اپنا کارڈ اس کے ہاتھ میں تھمایا چپراسی اندر چلا تو میرا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔ میں نے اپنے ریہرسل کیے ہوئے جملوں کو دل ہی دل میں دہرانا شروع کیا۔ ساری باتیں ذہن پر خوب نقش ہو گئی تھیں اور میں نے ٹھوک بجا کر دیکھ لیا کہ ایک ایک لفظ کو میں اسی طرح ادا کر سکتا ہوں جس طرح کہ میں نے ریہرسل کے وقت ادا کیا تھا۔

چند ہی لمحوں میں بہت کچھ ہو گیا۔ میں نے چپراسی کو واپس ہوتے دیکھا۔ اس نے مجھے کارڈ لوٹاتے ہوئے کہا۔ "صاب نے آپ کو پی۔ اے سے ملنے کے لیے کہا ہے۔"

فوراً ہی کچھ سجھائی نہ دیا۔ ڈائرکٹر صاحب کے پی۔ اے کا اجلاس بالکل متصل تھا۔ میں اسی طرف لپکا دروازہ پر جھولتے ہوئے پردہ پر سے ذرا اوپر نظریں اٹھیں تو ایک چھوٹی سی گہری سیاہ تختی پر لکھا تھا۔

"داخلہ ممنوع ہے۔"

آرام

عاقبت کی خبر خدا جانے
اب تو آرام سے گزرتی ہے — شاہ عالم

•

پہلے کچھ اور تھے ارمان مریضِ غم کے
اب تو بس ایک تمنا ہے کہ آرام نہ ہو — عندلیب شادانی

•

وقفہ موت بھی غنیمت ہے
کچھ تو فانی! مجھے مل گیا آرام — فانی

•

آہ! تجھ سے کیا بتاؤں کتنے صدمے ہیں مگر
زندگی میں دو گھڑی آرام پانے کے لئے — جوش ملیح آبادی

وہ کہتے ہیں

نام میں کیا رکھا ہے

رفعت اقبال

نسیم کے ہسپتال سے واپس آنے کے بعد سارے گھر والے منی بٹیا کے نام کے بارے میں سنجیدہ ہو گئے۔ ارے ابھی کوئی نام سوچ ڈالا سا۔ منی تین ہفتے کی ہو گئی اور کسی کو نام ہی نہیں سوجھ رہا۔ آگے پیچھے لکھنے کے لئے تو دماغ خوب چلتا ہے۔ اب بھی کچھ بولو نا۔ مجھ پر بھی حملہ ہوا۔

"میں بتاؤں ؟ رمضان میں پیدا ہوئی ہے اس کا نام "رمضانو" رکھ لیتے ہیں"۔ میں نے جلدی سے اپنی خدمات پیش کیں۔

مگر کسی کو بات پسند نہیں آئی۔ سب ہنسنے لگے۔ اتنی پیاری خوب صورت نام ڈھونڈا ہے۔ تمہارا ہی جو دل کرے رکھو۔ اچھا جناب نہیں، ڈھونڈ لیجئے خود ہی۔ ہم سے کیوں پوچھا تھا ؟ ہمیں جلدی میں جو سوجھا بتا دیا۔ ویسے پرانے لوگ ایسی باتوں میں سر کھپایا کرتے ہیں، بیدا ہوا سادا سا قصہ تھا۔ صاحبزادہ جمعرات یا شب برات کو پیدا ہوا تو جمعراتی یا شبراتی کہلانے لگا اور دختر نیک اختر ہوئی تھیں تو جمعراتن یا شبراتن ہو جاتی تھیں۔ چونکہ ہر بچی زحمت سے واسطہ۔ بس پکارنے کے لئے نام رکھ لیتے تھے اپنا جو کچھ میں آ گیا تھا۔ ویسے رکھنے کو تو لوگ ایسے لمبے لمبے نام بھی رکھتے ہیں کہ آدمی بیچارہ ڈھونڈتا رہ جائے مثلاً حال ہی میں ایک بچی سے ملاقات ہوئی تو پتہ چلا کہ گڑیا کا نام نجمت طلعت درخشاں افزا رہتی ہے۔ کچھ ان کی بھی سنئے جنہیں ایک ہی وزن کے نام رکھنے کا شوق ہوتا ہے ایک صاحب کو کسی فقیر کی دعا ہو گئی تو آپ سات صاحبزادوں کے والد محترم ہو گئے۔ ان کی اہلیہ محترمہ نے جلیل جمیل اور خلیل کے وزن پر نام رکھنا شروع کئے تھے جب چھٹے کی باری آئی تو ان حضرت نے کہا اس کا نام رشید رکھ دو۔ اہلیہ بولیں۔ نہیں جی ! دوسرے بھائیوں کے نام سے ملتا جلتا ہو گا۔ وہ صاحب چڑ کر بولے۔ ارے سوچ سوچ کر تو تھک رہا ہوں۔ میرے ذہن میں تو اب رذیل یا ابلیل ذلیل اور خلیل کے سوا کچھ نہیں بچا۔ تم بڑی تیز طرار ہو تو ڈھونڈ لو۔ چنانچہ اگر کبھی کسی کی صاحبزادی کا نام ستارہ، زہرہ، شمسہ یا کہکشاں نہیں تو تعجب نہ کیجئے گا۔ ہو سکتا ہے وہ فرزانہ، ریحانہ اور رضوانہ کا قافیہ ملانے کے بعد ان ناموں کے چکر میں پھنسے ہوں۔

اس سلسلے میں ان لوگوں کا ذکر کرنا شاید زیادتی ہو جنہیں بغیر سوچے سمجھے نام رکھنے کا مرض ہوتا ہے۔ میری ایک ہم جماعت تھیں۔ صحت کے اعتبار سے بہت ہی ساری مگر نام ان کا نحیف بانو تھا۔ اسی طرح جان نثار کی ایک صاحب کا نام منور بہر ور تھا۔ غیر معمولی جسامت والے جناوری قسم کے ایک صاحب کا نام نزاکت سلطان واقع ہوا ہے۔ اب ایسے ناموں کا لطیفہ ہو جائے تو کیا اچنبھا ہے ! سنا ہے ادھیڑ عمر کی ایک خاتون خوب بن ٹھن کر میک اپ کئے بس میں بیٹھی تھیں۔ منزل پر پہنچ کر بس سے نیچے اتریں تو پکار کر پوچھنے لگیں۔ اے شباب اتر گیا ہے نا ؟ بس میں سے کسی منچلے نے برجستہ جواب دیا۔ "بی بی کب کا اتر گیا، صرف آپ ہی کا بڑھاپا رہ گیا ہے"۔

بچوں کے نام رکھنے کے سلسلے میں بڑا جنگل کے والدین جدت پسند واقع ہوتے ہیں۔ جن کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ بچے کے لئے ایسا نام ڈھونڈا جائے جو کسی نے پڑھا ہو نہ سنا۔ یا کم از کم ماڈرن قسم کے ناموں میں سے تو ہو۔ بلا سے ایک مصنف نے ناول کے پلاٹ کے پیش نظر ہیروئن کا نام صاعقہ رکھ دیا تھا۔ ہم بھی مزید دیکھیں گے۔ نام کا مطلب آسمانی بجلی ہے تو کیا ہوا ! بعض لوگ تو خبطی نہیں ہوتے کہ نام کا مطلب پوچھنے بیٹھ جائیں۔ کانوں کو تو بھلا لگتا ہے نا۔ ویسے بھی نام میں کیا رکھا ہے ؟ اگر کسی کے کان کھجانے ہوں بھلے جائیں لیکن ہم نے یہ بھی سنا ہے کہ نام کا اثر عادات زندگی اور کردار پر بھی ہوتا ہے۔ کم علمی کی وجہ سے اس مسئلہ میں تو کچھ وثوق سے نہیں کہہ سکتی البتہ یہ بات دل کو لگتی ہے کہ نام سے انسان کو عمر بھر واسطہ رہتا ہے اور کوئی دوسرا لفظ اتنی مرتبہ نہیں سننا پڑتا جتنی مرتبہ نام۔ اس لئے اگر بے معنی یا بیہودہ و پیچ قسم کے ناموں کی بجائے بامعنی، مختصر اور آسان نام کا انتخاب کیا جائے تو بہت اچھا ہے۔ جلا بھی لگے گا اصل بھی نہیں ہو گا اور کہنے میں بھی آسانی رہے گی۔

حسن انتخاب

نسیم رضوی و نصیر رضوی

بے مروت بے رخی سے شیشۂ دل کو نہ توڑ
یہ وہی آئینہ ہے جس میں تری تصویر ہے

فرزانہ یاسمین

اتنی مانوس ہیں کانٹوں کی کھٹک سے آنکھیں
خواب میں پھولوں کا کھلنا نہیں دیکھا جاتا !

عزالہ شاہین

ٹوٹے ہوئے تاروں کو ابھی جوڑ رہا تھا
ہاتھوں سے مرے چھین لیا ساز کسی نے

نگہت رشید، شاہدہ خورشید

اب دل ہے مدعی سود و زیاں سے گزر گیا
اچھا ہوا جو جوانی میں مر گیا

زرینہ انجم سکھر

نہیں اس کھلی فضا میں کوئی گوشۂ فراغت
یہ جہاں عجب جہاں ہے نہ قفس نہ آشیانہ

غلام فریدہ ماجد

وقت نے ہم سے چھین لیا ہے پیار کا وہ کاشانہ بھی
جس کی خاطر ہم نے چھوڑا کعبہ بھی بت خانہ بھی

فرزانہ شیخ

ایک بھی پتی اگر کم ہو تو وہ گل ہی نہیں
جو خزاں نادیدہ ہو بلبل، وہ بلبل ہی نہیں

یاسمین ملک

رہے گا ساتھ ترا میری زندگی بن کر
یہ اور بات مری زندگی وفا نہ کرے

زیتون النساء

ستارے سو گئے شمعیں بھی ہو گئیں خاموش
نہ جانے کتنی شب انتظار باقی ہے

معصوم باتیں

میرے چچا کی شادی جب ہوئی تو چچی کو ہم لوگ بیگم کہہ کر پکارتے تھے۔ میں اُن کی باتیں غور سے سنتا رہتا ہے۔ ایک دن چچی پھپھو آئی ہیں کہنے لگا۔ "بیگم ! ہمیں کہ لیے دو روٹی سالن"۔ تین سالہ بچے کی یہ بات سن کر سب ہنسنے لگے۔

روبینہ سلیم

❋

میرے گھر کے پاس ایک آرٹسٹ بہت ہی اچھے گانے بجانے والے آتے۔ میری پانچ سالہ بچی بڑے اشتیاق سے دیکھتی۔ جب وہ چلے جاتے تو بچی بڑی دیر تک ان کی نقل اتارتی۔ ایک دن ناچتے ناچتے کہنے لگی۔ میری جانب ایک ادا سے دیکھا تو ہنسی سے پیار آیا۔ گود میں بٹھا لیا اور ایک حسین انداز سے پتلی کی طرح اشارہ کیا۔ پہلے تو ہم کچھ نہ سمجھے اور پھر سب کا تو دیکھ کر ہم سب ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو گئے۔ جب ذرا دیر گزری تو ہم نے پوچھا تو بولی کہ یہ تو اس نے کہا ہے جو بات اپنے ساتھیوں سے سیکھی ہے۔ اس کی معصوم حرکت پر ہم سب اپنی ہنسی نہ روک سکے۔

مسرت عابد

❋

ایک مرتبہ ہمارے گھر ایک صاحب تشریف لائے اور چھوٹے بھائی سے پوچھا۔ "بیگم صاحبہ ہیں گھر میں ؟"
"وہ تو نہیں ہیں لیکن آپ کا نام کیا ہے ؟" چھوٹے بھائی نے پوچھا۔
"کہہ دو چھوٹے آئے ہیں"۔
بھائی نے پہلے تو ان صاحب کو اوپر سے نیچے تک دیکھا اور کہا۔ "جھوٹ۔ چھوٹا تو میں ہوں۔ آپ تو بڑے ہیں"۔

ارم انجم

❋

ایک صبح کو بہت زیادہ سردی تھی اتنی دھند چھائی ہوئی تھی کہ کچھ نظر نہ آتا تھا۔ میری چار سالہ بھتیجی شبنم جس کا نام عندلیب ہے کہنے لگی۔ "بھیا یہ دھواں کیا ہو رہا ہے ؟" میں نے کہا آپ بتائیے کیا ہے ؟ کچھ دیر سوچ کر کہنے لگی۔ "کہرا ہے"۔ میں نے کہا۔ "ٹھیک" کہنے لگی "اللہ میاں بڑے بہت سے لوگوں کے لئے کھانا پکا رہے ہوں گے اور یہ ان کی لکڑیوں کا دھواں ہے جس طرح ہمارا باورچی خانہ گیس کا ہے"۔ ہم سب اس کی معصومیت پر ہنسے۔ وہ سمجھی دراصل کچھ دن پہلے ہم شادی پر حیدرآباد گئے تھے وہاں کھانا پکنے کے دوران خوب دھواں دیکھا تو دیگ کی لکڑیاں جو کچھ گیلی تھیں ان سے دھواں کچھ زیادہ ہی تھا۔

انیس جمالی

❋

پچھلے ہفتے کا ذکر ہے کہ ہم سب بیٹھے ٹی وی دیکھ رہے تھے۔ ہمارے ماموں اور ان کے بچے بھی آئے ہوئے تھے۔ سب ڈرامے کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ڈرامہ شروع ہونے سے پہلے اشتہارات کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ان میں ایک اشتہار ایک واشنگ پاؤڈر کا تھا اس میں ایک لڑکی کو میلے کپڑوں کے ٹب کے پاس آتی اور کہتی میں تو تھک گئی۔ ہمارے ماموں کا چار سالہ بیٹا ماجد ایک دم بولا "باجی یہ کپڑے دھوتے ہوئے بھی ناچتی ہے۔ آپ کیوں نہیں ایسا کرتیں ؟" ہم سب اس کی یہ بات سن کر مسکرائے بغیر نہ رہ سکے۔

نشاط شمس

❋

میری بھانجی جس کی عمر سات سال ہے۔ ہمارے یہاں آئی ہوئی تھی باتیں بڑے غور سے سن رہی تھی۔ ہمارے ایک عزیز اپنی خواتین ملازمت کرنے کا بتا رہے تھے کہ وہ مستقبل میں کیا بنے گا۔ کسی نے کہا وہ ڈاکٹر بنے گا کوئی انجینئر وغیرہ۔ میں نے ایک دم پوچھا۔ "منی تم کیا بنو گی ؟"
"باجی میں مسز خان بنوں گی !"
یہ سنتا تھا کہ سب زور زور سے قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔ دراصل مسز خان منی کے اسکول کی ہیڈ مسٹریس ہیں اور منی پہلی کلاس میں پڑھتی ہے۔

شمع وثانی گل رعنا

پکوان

کھٹے بینگن

اشیاء۔ لمبے بینگن ایک پاؤ۔ لہسن دس کلیاں۔ کھوپرا آدھی چھٹانک۔ پیاز ایک عدد۔ سفید زیرہ ایک ٹی سپون۔ ہری مرچ ۴ عدد۔ ہلدی آدھا ٹی سپون۔ ہرا دھنیا تھوڑا سا۔ ثابت دھنیا ایک ٹیبل سپون۔ کلونجی ذرا سی۔ تل ایک ٹی سپون۔ (تل نہ ہوں تو مونگ پھلی کے دس دانے)۔ پسی ہوئی سرخ مرچ دو ٹی سپون۔ املی آدھ چھٹانک۔ نمک حسب ضرورت۔

ترکیب :۔ پیاز کو باریک باریک آملیٹ کی پیاز کی طرح کاٹ لیں۔ لہسن کی کلیوں کو چھیل کر دو دو کر لیں۔ کھوپرے کو باریک کاٹ لیں۔ پیاز، لہسن، دھنیا، زیرہ، کھوپرا، تل ان سب کو باری باری توے پر بھون لیں یہ سب مسالہ باریک سل پر پیس لیں۔ بینگن کو لمبائی سے پتلے پتلے کاٹ لیں۔ سارا مسالہ اور کلونجی بینگن میں ملا دیں۔ املی آدھی پیالی پانی میں بھگو دیں۔ گھی یا تیل اچھا خاصا تیز کر کے کڑکڑا لیں۔ تھوڑا سا سفید زیرہ گھی میں سرخ کریں۔ مع مسالے کے بینگن ڈال کر ڈھکن ڈھانک دیں۔ دو تین منٹ بعد اس کو چلائیں جب بینگن گل جائیں تو املی کا پانی اس میں ڈال دیں۔ ہری مرچ، ہرا دھنیا، کاٹ کر اس میں ڈال دیں۔ دو چار منٹ پکا کر اتار لیں۔

کوفتہ پلاؤ

قیمہ ایک سیر۔ مرچیں ۵ عدد۔ گرم مسالہ حسب ضرورت۔ چھلے ہوئے چنے تھوڑے سے۔ ادرک تھوڑا سا۔ دو پوتھی لہسن۔ پیاز دو گٹھی۔ گھی میں لال کی ہوئی، اور ایک تولہ چاول۔

ان سب کو باریک پیس لیں پھر سل پر قیمہ کو پیس مگر پانی نہ ڈالیں۔ جب قیمہ پس جائے تو مندرجہ بالا پسا ہوا مسالہ اس میں ملا دیں۔ ۳ عدد انڈے بھی توڑ کر ڈال دیں۔ اور چھوٹے چھوٹے گول کوفتے بنا لیں۔ پھر دو چھٹانک گھی میں ۲ چھٹانک پیاز کو سرخ کر کے تھوڑا سا پانی ڈال کر پیاز کو گلائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اس میں کوفتے ڈال دیں۔ جب کوفتے سخت پڑ جائیں تو آدھا پاؤ دہی اور ایک چھٹانک ادرک پیس کر ڈال لیں اور بھون لیں۔ پھر اس کے بعد چاولوں کو ابال کر اور تہیں لگا کر پکا لیں۔ اور گھی زعفران ڈال کر دم پر چھوڑ دیں۔

تلا ہوا گوشت

اشیاء : بغیر ہڈی کے گوشت کی چپٹی کٹی ہوئی آدھ سیر بوٹیاں۔ آٹھ عدد نرنگیں۔ بارہ کالی مرچیں۔ لہسن آٹھ دس جوے اور نمک حسب ذائقہ۔

تیاری : بوٹیاں۔ نمک، ثابت نرنگیں اور لہسن ڈال کر اتنے پانی میں گلائیں کہ گلنے تک پانی بالکل خشک ہو جائے۔

اب فرائنگ پین میں بوٹیاں تل لیں لیکن بالکل سرخ نہ ہونے دیں۔ اوپر سے پسی ہوئی کالی مرچیں چھڑک کر سلاد اور ٹماٹر کی میٹھی چٹنی کے ساتھ پیش کریں۔

پڈنگ

کھوا۔۔۔ پانچ اونس
مائع کارن۔۔ ۱ عدد
لیموں۔۔۔ ۱ عدد کا رس
انڈے ۳ عدد ۔ صرف زردی
چینی۔۔۔ ۲ عدد
نمک۔۔۔ ۱ چٹکی
کارن فلاور۔۔ ۱ چمچ
(سنہر کسٹرڈ کے لئے)

کیک کے لئے:
انڈے ۵ عدد صرف سفیدی
چینی ۴ چمچ بھرے ہوئے
میدہ
انڈے ۳ عدد کی زردی

آئسنگ:
چینی۔۔۔ ۲ چمچ
پانی ۱/۲ کپ
مالٹا یا جوس

ترکیب :۔
سب خشک مادہ یعنی کارن فلاور چینی نمک ملا لیں پھر اس میں جوس شامل کریں۔ اب انڈے کی زردی پھینٹ کر ملائیں پھر آہستہ آہستہ ہلکی آنچ میں پکائیں اگر بڑی دیگچی میں گرم پانی کر کے چھوٹی دیگچی میں یہ مادہ پکائیں تو بہتر ہے ورنہ پھٹ جانے کا خدشہ ہے۔

کیک بنانے کی ترکیب :۔ انڈوں کی زردی کو خوب پھینٹیں یہاں تک کہ جھاگ بن جائے، اب اس میں آہستہ آہستہ چینی شامل کریں اور ساتھ ساتھ پھینٹتی جائیں۔ پھر انڈے کی زردی بھی شامل کریں۔ آخر میں میدہ ملائیں اور سانچے میں ڈال کر اون میں تقریباً ۲۰ منٹ پکائیں۔ ٹمپریچر ۳۲۵ اور گیس کا نمبر ۳ رکھیں۔ ٹھنڈا ہونے پر دو حصوں میں تقسیم کریں اور بیچ میں کسٹرڈ ڈالیں۔

آئسنگ :۔ چینی اور پانی ابالیں ٹھنڈا ہونے پر رس شامل کریں اور کیک کے اوپر ڈالیں۔ کریم چینی میں پھینٹ کر اوپر سجا سکتی ہیں۔

PLEASE VISIT US FOR

Masalas: Rice

HALAL MEAT & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

جی ایم سید کو پاکستان دشمنی کی بنا پر جیل میں ڈالا گیا ہے: بھٹو

ملتان ـــــ (نمائندہ خصوصی) آج یہاں ایک جلسہ عام میں وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے نام لئے بغیر خان عبدالولی خان کا ذکر کیا اور کہا کہ ملتان میں ایک شخص کے پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں وہ جمہوریت کی باتیں کرتا ہے ...

پاکستان میں فوٹو گرافی تھیٹر اور فنکاروں کی تربیت کا ادارہ قائم کیا جائے گا

سکیم تیاری کے آخری مرحلے میں ہے: وفاقی وزیر حفیظ پیرزادہ

اسلام آباد ـــــ (پ پ) پاکستان میں ایک قومی تھیٹر اور آرٹسٹوں کے لئے ورکشاپ قائم کرنے کی تجویز اب آخری مرحلے میں ہے ...

بھارتی کرکٹ ٹیم کو آئندہ سال پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت

اسلام آباد ـــــ ...

اپنے ہی کارکنوں کی غیر جمہوری سرگرمیوں کی وجہ سے پیپلز پارٹی بری طرح بدنام ہو چکی ہے

پارٹی کو تمام ناپسندیدہ لوگوں سے پاک کر دیا جائے گا

مجھے پندرہ سو فدائین میسر آجائیں تو ملک کی تقدیر بدل دوں

(لیاقت پور کے جلسہ عام میں وزیراعظم کا خطاب)

لیاقت پور ـــــ (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے جو پیپلز پارٹی کے چیئرمین بھی ہیں کہا ہے کہ عوام کی خواہشات کے مطابق پیپلز پارٹی کی از سر نو تنظیم کی جا رہی ہے ...

میرے جلسوں میں عوام کو زبردستی نہ لایا جائے: بھٹو

ایوب خان کے جلسوں میں لوگوں کو ایک ایک روپیہ دے کر لایا جاتا تھا

لیاقت پور ـــــ ...

ایشیائی ترقیاتی بنک پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے پر رضامند ہو گیا

بنک کے حکام کو پاکستانی کپڑے اور گھی کی روز افزوں پیداوار سے آگاہ کر دیا گیا

اسلام آباد ـــــ (پ پ) اقتصادی امور سے متعلق وزیراعظم کے خصوصی معاون مسٹر رفیع رضا نے بتایا ہے کہ پاکستان میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے ...

یوم اقبال کی تقریبات میں

شاعر مشرق کو شاندار

خراج عقیدت پیش کیا گیا

لاہور ـــــ ...

مسئلہ کشمیر ختم ہو چکا ہے

بھارتی وزیر اطلاعات کی خوش فہمی

...

بحر ہند کو امن کا منطقہ قرار دینے کے سلسلے میں بھارت کی مخالفت کے باوجود اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی نے ...

انسانی زندگی خوشی، غم اور حادثات سے عبارت ہے!
مستقبل کے دامن میں کیا ہے؟ اسے دیکھنا ممکن نہیں۔ اس لیئے مستقبل کو روشن بنانے کے لیئے منصوبہ بندی دانش مندی کی دلیل ہے اور بیمۂ زندگی معاشی منصوبہ بندی کا بہترین ذریعہ ہے۔
تفصیلات اور وضاحت کے لیئے مجھے خدمت کا موقعہ دیجیئے۔ اور مستقبل کے دھندلکوں کو دور اندیشی کی شمع سے روشن کیجیئے۔

- CHILDREN'S EDUCATION AND MARRIAGE PLANS
- INCOME PROTECTION PLANS
- REGISTERED RETIREMENT SAVINGS PLANS
- MORTGAGE INSURANCE
- BUSINESS INSURANCE
- OTHER FAMILY PROTECTION PLANS



A. QAYYUM FARANI

SunLife OF CANADA

TORONTO, ONT.

Phone, Off. 364-5141
Res. 261-5891

"Multiculturalism is a permanent government policy"

"ملٹی کلچرل ازم حکومت کی ایک مستقل پالیسی ہے"

وہ حکومت کینیڈا ملٹی کلچرل ازم کو کینیڈین سماج کا ایک مکمل جزو سمجھتی ہے۔ اس لیۓ حقیق اور دیر پا کینیڈین وحدت کی بنیاد باہمی احترام اور ادراک پر منحصر ہے۔ ہماری حکومت قدرتی طور پر یہ ایقان رکھتی ہے کہ ملٹی کلچرل ازم دو زبانی نظام کے دائرے میں مکمل طور پر پروان چڑھ سکتا ہے۔ اور یہ دونوں کینیڈا کی حقیقت کا اہم جزو ہیں۔

میں خوش قسمت تھا کہ اسی کمیونٹی میں میری نشوونما ہوئی جو لسانی اور تہذیبی تنوع سے مالا مال ہے۔ میں نے پارلیمانی ممبر اور کابینہ میں وزیر ہونے کی موجودہ حیثیت سے کینیڈا کے ثقافتی گروہوں کے حقوق اور ان کی خوشحالی میں گہری دلچسپی لی ہے۔ شاید میرے ملٹی کلچرل مینڈیٹ (MANDATE) کے کشادہ افق کو اختیار کرنے کی یہی اولین وجہ ہے۔

ایک ایسے وزیر کی حیثیت سے جسے آپ کی کمیونٹی کی ضروریات کا احساس ہے یہ میرا فرض ہو گا کہ کابینہ میں آپ کی نمائندگی کروں، اس یقین کے ساتھ کہ حکومت کی پالیسی کی سمتیں ہمیشہ نسلی و تمدنی گروہوں کی تمناؤں اور مقاصد کے مطابق ہوں۔ کینیڈا میں غیر انگریزی اور غیر فرانسیسی تمدنی گروہوں کی خدمات کا تانا بانا انگریزی خواں (FRANCOPHONE) اور فرانسیسی خواں (ANGLOPHONE) کمیونٹیز کے ساتھ ایک منفرد کینیڈین سماجی ڈھانچے کی تعمیر ہے۔

ملٹی کلچرل ازم حکومت کی ایک مستقل پالیسی ہے۔ اس پروگرام کو مزید توجہ اور نشوونما کی ضرورت ہے۔ اور میں اسے یہ دونوں چیزیں مہیا کرنے کا مصمم ارادہ رکھتا ہوں اور اپنے آپ کو اس کا پابند کر لیا ہے۔"

John Munro

Minister Responsible for Multiculturalism

Ministre chargé du Multiculturalisme

کشمیری عوام کی تمام ہمدردیاں پاکستان کو حاصل ہیں

بھارت کے ساتھ تمام مسائل بات چیت کے ذریعے طے کرنے کے لیے تیار ہیں

بزمان اور راجہ پور شرقیہ کے اجتماعات میں وزیر اعظم بھٹو کی تقاریر

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

P.O. BOX 538

POSTAL ...

TORONTO, ONT.

•

ایک تعلیم یافتہ اور خوبصورت لڑکی کے لیۓ مناسب اور خوش گفتار یعنی INDEPENDENT لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے جو کینیڈا میں مقیم ہو۔ مزید معلومات کے لیۓ پتہ ذیل پر مراسلت کیجیۓ۔

EJAZ
C/O CRESCENT
P.O. BOX 296, STN. 'H'
TORONTO, ONT.
CANADA M4C 1L0

•

ٹورانٹو میں مقیم ایک نوجوان کے لیۓ بیس، بائیس سالہ مسلمان لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیۓ خط لکھیۓ۔

R. D.
C/O CRESCENT
(ADDRESS AS ABOVE)

•

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے)

ریڈیو پروگرام "وطن"

ٹورانٹو اور اس کے آس پاس رہنے والے پاکستانی ہر جمعہ کو رات کے گیارہ سے بارہ بجے تک پاکستانی خبروں اور گانوں پر مشتمل رنگارنگ ریڈیو پروگرام CHIC 790 AM پر سن سکتے ہیں۔

کیا آپ کے چندے کی معیاد ختم ہو چکی ہے؟

آپ کے اخبار پر سرخ مہر اس بات کی علامت ہے کہ آپ کے چندے کی مدت ختم ہو چکی ہے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ اگر آپ اپنے اخبار پر یاد دہانی کی مہر دیکھیں تو اپنے چندے کی تجدید فرمائیں اور ساتھ ہی اپنے دوست احباب کو بھی اس اخبار کا خریدار بنائیں۔ ہمیں آپ کے تعاون کی سخت ضرورت ہے۔

جن قارئین کرام کو اخبار دیر سے ملنے کی شکایت ہے ان کی خدمت میں پھر سے یہی عرض ہے کہ ہماری طرف سے اخبار مقررہ تاریخ سے ایک دو دن پہلے ہی پوسٹ کر دیا جاتا ہے۔ ... (ادارہ)

ٹورانٹو جو شہر ہے بے مثل و پُر بہار
گھر چاہیے یہاں تو تردد نہ کیجیے
جب آپ کی مدد کو قریشی ہیں مستعد
کیوں ان سے مل کے اپنی تمنا نہ کیجیے!

مکانات کے علاوہ ★ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد کی
خرید و فروخت کیلئے بھی یاد رکھیں: ایچ کیتھ لمیٹڈ

SOLD
KEITH
SOLD
KEITH

SULTAN QURESHI
MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

اقبالؒ افکارِ تازہ کے پیامبر اور جہانِ نو کے علمبردار تھے

آفاقی نظریات رکھنے والوں میں ان کا مقام بہت بلند ہے: مجلس مذاکرہ

لاہور — (رپورٹر) حکیم الامت علامہ اقبالؒ کی ۹۷ ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان نیشنل سنٹر میں "جمعیت کا پیغمبر علامہ اقبالؒ" کے موضوع پر ایک مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ نظریاتی طور پر اقبالؒ بے خانقاہیت پسند بیسویں صدی کی پیداوار تھے ... وہ افکارِ تازہ کے پیامبر اور جہانِ نو کے علمبردار تھے۔ جلسہ کی صدارت ڈاکٹر سید عبداللہ نے کی۔ اقبالیات کے محقق سید نذیر نیازی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اقبالؒ ... [illegible]

... جیسے دور سے ترقی پسند نظریات رکھنے والوں کے سب کام ... [illegible] ... اقبالؒ نے ماضی، حال اور مستقبل کا ... مسلمانوں اور پوری دنیا کی ... [illegible] ... انہوں نے کہا کہ اقبالؒ ... پاکستان کا خواب ... پاکستان میں ہماری جنگ اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی جنگ ہے ... [illegible]

پروفیسر اشفاق علی

پروفیسر اشفاق علی خان نے کہا کہ علامہ اقبالؒ عالمی نظریہ رکھتے تھے اور آفاقی نظریات رکھنے والوں میں ان کا مقام بہت بلند ہے۔ وہ اس اسلام کے قائل تھے جو انسان کو ... [illegible]

نجمہ کاشمیری

مسز نجمہ کاشمیری نے شاعرِ اسلام کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ... [illegible]

سپاہ دانش انتہائی ناکارہ ثابت ہوئی ہے: وزیر اعلیٰ

ملتان — (نمائندہ خصوصی) مسٹر حنیف رامے نے کہا ہے ... پنجاب میں سپاہ دانش کے لئے ... ناکارہ ثابت ہوئی ہے ... [illegible]

پاکستانی ماہر اقتصادیات اور سعودی عرب کے مالی مشیر انور علی انتقال کر گئے

مدینہ منورہ میں سپردِ خاک کیا جائے گا

لاہور — (اے پی پی) پاکستان کے مشہور ماہر اقتصادیات اور سعودی عرب کی مالی ایجنسی کے گورنر مسٹر انور علی کا آج جدہ میں انتقال ہو گیا۔ مرحوم نے ایک بیوہ اور دو صاحبزادے پیچھے چھوڑے ہیں۔ مسٹر انور علی مرحوم کی میت بذریعہ طیارہ مدینہ منورہ لے جائی گئی جہاں انہیں سپردِ خاک کیا جائے گا۔ مسٹر انور علی بین الاقوامی مالی فنڈ کے ڈائریکٹر ... مرکزی حکومت کی وزارت خزانہ میں جوائنٹ سیکرٹری تھے اور ان کی خدمات ... حکومت سعودی عرب کو مستعار دے دی گئی تھیں۔

احمد رضا قصوری کی کار پر گولیوں کی بوچھاڑ: نواب محمد احمد خان ہلاک ہو گئے

رکن قومی اسمبلی کے والد کے جسم میں تین گولیاں لگیں: احمد رضا بال بال بچ گئے

حملہ رات ساڑھے بارہ بجے کے قریب کیا گیا: رضا قصوری اور ان کے والد ایک شادی میں شرکت کے بعد گھر لوٹ رہے تھے

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) شادمان کالونی کے ... چند نامعلوم افراد نے قومی اسمبلی کے رکن اور تحریک استقلال کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات صاحبزادہ احمد رضا قصوری کی کار پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ان کے والد نواب محمد احمد خان ہلاک ہو گئے۔ نواب محمد احمد خان کے دماغ میں تین گولیاں لگیں انہیں شدید زخمی حالت میں یونائیٹڈ کرسچن ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دو گھنٹے زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد جاں بحق ہو گئے۔ حملہ آور رات کی تاریکی میں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ مسٹر احمد رضا قصوری جو موٹر ڈرائیو کر رہے تھے معجزانہ طور پر بچ گئے ہیں۔ نواب محمد احمد خان کی نماز جنازہ کل ۲ بجے ... ادا کی جائے گی اور انہیں ... قبرستان قصور میں سپردِ خاک کیا جائے گا۔

بتایا گیا ہے کہ صاحبزادہ احمد رضا قصوری اپنے والد نواب محمد احمد خان، اپنی والدہ اور خالہ کے ہمراہ شادمان کالونی میں اپنے ایک عزیز ... کی شادی کی تقریب میں شرکت کرنے کے لئے گئے تھے ... [illegible] ... چند نامعلوم افراد نے کار پر اندھا دھند گولیاں برسائیں جس کے نتیجے میں تین گولیاں کار میں لگیں۔ مسٹر احمد رضا قصوری کے ساتھ بیٹھے ان کے والد نواب محمد احمد خان کے دماغ میں پیوست ہو گئیں ... [illegible]

احمد رضا خان قصوری اپنے والد کی نعش پر غم کناں ہیں

اس سلسلے میں آج شام تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل اصغر خان، قومی اسمبلی کے رکن میاں محمود علی قصوری نے ایک پریس کانفرنس میں اس واقعہ کے متعلق کہا ہے ... [illegible] ... ایئر مارشل اصغر خان نے بتایا ... [illegible]

ابتدائی رپورٹ درج کر دی گئی

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) رکن قومی اسمبلی مسٹر احمد رضا خان قصوری پر قاتلانہ حملہ اور اس میں ان کے والد نواب ایم احمد خان کی ہلاکت کے سلسلے میں درج ہونے والی پولیس کی ابتدائی رپورٹ سربمہر کر دی گئی ہے ... [illegible] ... نامعلوم افراد کے خلاف ... کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔

احمد رضا پر حملہ ایک اور سیاسی وار ہے: میاں طفیل محمد

تحریک استقلال کے دفتر پر حملے کی مذمت اور اظہارِ افسوس

لاہور — (اپنے نامہ نگار سے) ... جماعت اسلامی کے امیر میاں طفیل محمد نے قومی اسمبلی کے رکن صاحبزادہ احمد رضا قصوری پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور اس حادثہ میں ان کے والد کی ہلاکت پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے ... جماعت اسلامی پاکستان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مسٹر احمد رضا قصوری کی زندگی پر اس سے پہلے جو متعدد حملے ہو چکے ہیں ان کی روشنی میں یہی سمجھا جا سکتا ہے کہ یہ بھی سیاسی نوعیت کا وار تھا ... [illegible]

حملے کی تحقیقات کے لئے جسٹس شفیع الرحمٰن کو مقرر کر دیا گیا

تحقیقات ہائیکورٹ کے جج سے کرانے کا فیصلہ انصاف کے بہترین تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے: سرکاری اعلان

لاہور — حکومت پنجاب کے ایک پریس نوٹ کے مطابق ... وزیر اعلیٰ مسٹر محمد حنیف رامے نے لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سے مشورہ کر کے ... صاحبزادہ احمد رضا قصوری ایم این اے کے والد مرحوم نواب محمد احمد خان کے قتل کی تحقیقات مسٹر جسٹس شفیع الرحمٰن کے ... [illegible]

[illegible]

ایرانی وزیر اعظم کینیڈا کا دورہ کریں گے

تہران — (اے پی پی) ایران کے وزیر اعظم امیر عباس ہویدا ۸ دسمبر سے کینیڈا کا دورہ کریں گے ... کینیڈا کے وزیر اعظم مسٹر ٹروڈو کی دعوت پر کیا جا رہا ہے۔

PHILIPS
PHILIPS
پاکستان
میں
زندگی کی آرائشوں سے لطف اندوز ہونے کے لیئے ہماری خدمات حاصل کریں
ہم فلپس، پائی اور گرنڈگ جیسی اعلیٰ معیار کی کمپنیوں کا سامان بجلی
مثلاً ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر،
پروجیکٹر، ہیئر ڈرائیر وغیرہ یورپ سے براہِ راست پاکستان بھجواتے ہیں۔
پاکستان میں گارنٹی بھی کار آمد ہے اور سروس کا بھی انتظام ہے۔
مزید تفصیلات کے لیئے ہمیں لکھئے یا فون کیجیئے۔
PYE
AAlice International
Unique Trade & Commerce
GRUNDIG
P. O. BOX 368 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: 459-0820

کرسینٹ

سوہ دانشوہ لندن

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

البیرونی
نے ہندو ذہن کے دریچوں میں جھانک کر دکھایا ہے

پروفیسر محمد عثمان

ایک قوم کے بڑے کردار اور اخلاق پر غور کرنا ہو ... بحیثیت محقق کی حیثیت سے جب یہ ہند ... تو اس میں کچھ پہلو بلاشبہ قابلِ تعریف دیکھا ہوں۔ مثال کے طور پر ہندوؤں نے گیان دھیان اور بنیادی غور و فکر کے میدان میں جو کمالات دکھائے وہ ان کے رشیوں منیوں نے جن اخلاص کی زندگی گزاری۔ ... [illegible]

ٹھیک سمجھنے کی وجہ سے ان سے ملنا جلنا، شادی بیاہ کرنا، ان کے قریب جانا یا ساتھ بیٹھنا اور ساتھ کھانا جائز نہیں سمجھتے اور جس چیز میں غیر قوم کا ... [illegible]

> وہ سب لوگ جو ہندو نہیں ہیں ... ملیچھ یعنی ناپاک کہلاتے ہیں ... جو قتل کرتے، ذبح کرتے اور گائے کا گوشت کھاتے ہیں



[illegible]

... اس کے ممتاز مسافر کے لئے اب ایک نئے البیرونی کی ضرورت ہے۔

آزاد کی رگ سخت ہے مانندِ رگِ سنگ
محکوم کی رگ نرم ہے مانندِ رگِ تاک
محکوم کا دل مردہ و افسردہ و نومید
آزاد کا دل زندہ و پرسوز و طرب ناک
آزاد کی دولت دلِ روشن نفسِ گرم
محکوم کا سرمایہ فقط دیدۂ نمناک

(ارمغانِ حجاز)

پی آئی اے — اچھی کارکردگی

پی آئی اے کے سربراہ ریٹائرڈ ایئرمارشل نور خان نے گذشتہ دنوں ایک پریس کانفرنس میں پی آئی اے کی کارکردگی کے جو اعداد و شمار پیش کئے ہیں وہ بڑے ہی حوصلہ افزا ہیں۔ باوجود اس وقت عالمی افراطِ زر، پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ اور بعض دوسرے وجوہ کی بنا پر دنیا کی اکثر فضائی کمپنیاں خسارے میں چل رہی ہیں ان مشکلات کا پی آئی اے کو بھی سامنا کرنا پڑا لیکن پاکستان کا یہ قومی ادارہ اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ اسے خسارہ نہیں ہوا اور اس کی آمدنی اور اخراجات میں توازن برقرار رہا۔

پی آئی اے چند برس قبل تک دنیا کی معدودے چند ان کمپنیوں میں شامل تھی جو منافع کماتی تھی اور اس کے مسافروں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا لیکن ملک کے سیاسی حالات اور بھارت کی طرف سے پی آئی اے کی بھارت پر سے پروازوں پر پابندی کی وجہ سے اس کی بعض سروسیں جاری نہ رہ سکیں اور اسے مالی عدم استحکام کا سامنا کرنا پڑا۔ اس میں یقیناً پی آئی اے کی انتظامیہ کی بھی کوتاہی تھی لیکن وہ اپنے سابقہ سربراہوں کی قیادت میں اس کمی کو پورا نہ کر سکی بلکہ اس کی حالت روز بروز خراب ہوتی چلی جا رہی تھی یہاں تک کہ ریٹائرڈ ایئرمارشل نور خان کو دوبارہ اس کا سربراہ بنا دیا گیا۔ انہوں نے ایک قلیل عرصہ میں پی آئی اے کی خامیوں کو دور کرکے ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ بہرکیف اسے اپنا سابقہ امتیاز — منافع — پھر سے حاصل کرنا باقی ہے۔ اس وقت پی آئی اے کے مسافروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ بات اس لحاظ سے بڑی خوش کن ہے کہ اکثر بین الاقوامی فضائی سروسوں کے مسافروں کی تعداد گھٹ رہی ہے۔ ان حالات میں قوی حلقے بجا طور پر توقع رکھتے ہیں کہ پی آئی اے اپنی بہتر کارکردگی کی بدولت ملک کے لئے نئے منافع بھی کمائے گی۔

پی آئی اے کی اندرونِ ملک پروازیں بھی حوصلہ افزا ہیں تاہم ابھی نئے علاقوں تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

[illegible]

FLY NOW PAY LATER

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳، شمارہ ۱۸ | کرسینٹ — پندرہ روزہ — ٹورونٹو کینیڈا

فضائی رابطے بحال کرنے کا سمجھوتہ طے پا گیا

دونوں حکومتوں نے ہر جانے کے دعووں پر بات چیت فی الحال ملتوی کر دی

فریقین کی طرف سے شملہ معاہدے کے تحت تعلقات معمول پر لانے کا عزم

بات چیت مفاہمت اور خیر سگالی کی فضا میں جاری ہے: سرکاری ترجمان

بحر ہند کو امن کا علاقہ قرار دیا جائے

روس اور سری لنکا کا مشترکہ اعلامیہ

وزیر اعظم، عزیز احمد اور ٹکا خان سے متحدہ عرب امارات کے وفد کی بات چیت

پاکستان کی آزادی اور خود مختاری کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے گا

ہم اپنے خلاف تمام سازشیں ناکام بنا کر رہیں گے: خان قیوم

چین نے پاکستان کے ساتھ تمام وعدے وفا کیے ہیں

ولی خان، نورانی، مفتی محمود اور خواجہ صفدر کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے



پاکستان میں عام انتخابات بہت جلد منعقد ہوں گے: بی بی سی

الیکشن کمشن انتخابات کرانے کے لیے تمام انتظامات تیزی سے مکمل کر رہا ہے

متعدد علماء کے خلاف بھی مقدمات بنائے گئے ہیں

ملتان پولیس نے ابھی تک کسی شخص کو گرفتار نہیں کیا

شہنشاہ ایران ماسکو پہنچ گئے

یاسر عرفات کی تجویز پر عمل کر کے مشرق وسطیٰ کا مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے

اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد کی طرف سے فلسطینی رہنما کی تقریر کا پرجوش خیر مقدم

استاد امانت علی کے کنبے کے لیے امداد

☐ SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
☐ FOR TWO YEARS $10.00
☐ FOR SIX MONTHS $4.00

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

PHONE

U.S. cheques please include an additional ...